سوال

(478) میں خواب میں فضا میں اڑتا ہوں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں کبھی کبھی خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں فضا میں پرندون کی طرح اڑرہاہوں ۔ بعض اوقات ایسے خواب بھی دیکھتا ہوں جوسچے ثابت ہوتے ہیں ۔ اسی طرح خواب میں بعض اشخاص کو دیکھتا ہوں توپھر بیداری کے عالم میں بھی ان سے ملاقات ہوجاتی ہے 'اس سے جہاں مجھے خوشی ہے 'حیرت بھی ہے اس کی کیا تعبیر ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان خوابوں کے نتائج سے نہ ڈرو اور نہ ان کی تعبیر معلوم کرنے کی کوشش کرو کیونکہ خواب تعبیر بیان ہونے تک پرندے کے پر پر ہوتا ہے اور جب اس کی تعبیر بیان کردی جائے تو وہ اسی طرح رونما ہوجاتا ہے ۔ اکثر خوابوں کا تعلق اس گفتگو سے ہوتا ہے 'جو انسان عالم بیداری میں کرتا رہتا ہے اور جن امور کے بارے میں وہ زیادہ اہتمام کرتا رہتا ہے 'وہ خواب میں بھی اسی طرح نظر آتے رہتے ہیں 'زیادہ بہتر یہ ہے کہ خواب کی پورے وثوق کے ساتھ کوئی معین تعبیر بیان کرنے میں توقف سے کام لیا جائے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص363

محدث فتویٰ